# 04-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ نے آئی آئی ٹی حیدرآباد کی ایک ٹیم کو ہدایت دی کہ وہ پولاورم پراجکٹ کے تلنگانہ بالخصوص تاریخی بھدراچلم مندر پر اس کے اثرات کے بارے میں ایک تفصیلی رپورٹ تیار کرے۔

۲۔مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے تلگو زبان کو محفوظ رکھنے کی فوری ضرورت پر زور دیا اور گھر سے ایک تحریک شروع کرنے کی اپیل کی۔

۳۔حیدرا نے پیر سے راست طور پر عوام سے شکایات وصول کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ کے یادادری بھونگیر ضلع کے پدا کندوکور کی پریمیئر ایکسپلوسیو کمپنی میں ہفتہ کی صبح ہوئے دھماکہ میں ایک شخص ہلاک اور آٹھ دیگر زخمی ہوئے۔

OO

تلنگانہ مسلسل شدید سردی کی لپیٹ میں ہے۔ریاست میں درجہ حرارت میں گراوٹ ہورہی ہے۔تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کے ڈاٹا کے مطابق ریاست کے 33اضلاع میں سے 15اضلاع میں اقل ترین درجہ حرارت 10 ڈگری سے کم آج درج کیا گیا۔اقل ترین درجہ حرارت سنگاریڈی کے کوہیر میں 6ڈگری درج کیا گیا۔آصف آباد میں 6.1، عادل آباد کے سرپورٹی میں 6.2، کاماریڈی اوررنگاریڈی اضلاع میں 6.8ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔دیگر اضلاع میں بھی شدید سردی کی لہر ہے،ان میں وقارآباد،محبوب نگر،میدک،نرمل،راجنا سرسلہ،میڑچل ملکاجگری،جےشنکر بھوپال پلی،مُلگ اورجگتیال شامل ہیں۔

OO

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے تلگو زبان کو محفوظ رکھنے کی فوری ضرورت پر زور دیا اور گھر سے ایک تحریک شروع کرنے کی اپیل کی۔حیدرآباد انٹرنیشنل کنونشن سنٹر (ایچ آئی سی سی) میں منعقدہ ورلڈ تلگو فیڈریشن کی 12ویں دوسالہ کانگریس میں بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے تلگو زبان کو مادری زبان کے طور پر پروان چڑھانے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ اس کے ثقافتی اورلسانی ورثہ کومحفوظ رکھا جا سکے۔انہوں نے کہا،"میں ورلڈ تلگو فیڈریشن کی 12ویں دوسالہ کانگریس میں شرکت کرتے ہوئے خوشی محسوس کررہا ہوں۔محترمہ اندرادت اوران کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس تین روزہ ایونٹ کو ہمارے شہر میں منعقد کیا۔فیڈریشن 32 سال سے تلگو برادری کی خدمت کررہی ہے،زبان،روایات اورفنون کو فروغ دے رہی ہے اور دنیا بھر میں فنکاروں کی حمایت کررہی ہے۔" کشن ریڈی نے کہا کہ دنیا بھر سے تلگو بولنے والے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد دیکھ کر فخر محسوس ہوتا ہے جو تلگو زبان،ادب،اورروایات کا جشن منانے کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں۔انہوں نے تلگو کو ہندوستان کی قدیم اوردلکش زبانوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے اسے کلاسیکل زبان کے طور پر تسلیم کرنا اس کی ثقافتی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔وزیر موصوف نے تلگو زبان کے کم ہوتے ہوئے استعمال پر تشویش کا اظہار کیا،جہاں لوگ تلگو الفاظ لکھنے کے لیے بھی انگریزی کو ترجیح دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا،"یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ تلگو کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔آج گھروں میں صرف 30 فیصد گفتگو تلگو میں ہوتی ہے جبکہ باقی انگریزی میں۔پہلے سب کچھ تلگو میں کہا جاتا تھا۔آئیے یہ عہد کریں کہ تلگو میں گفتگو کریں گے،اپنے گھر سے شروع کریں گے۔"

○○

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے حیدرآباد کے راج بھون میں منعقدہ "سوسائٹی فار دی پروموشن آف انڈین کلاسیکل میوزک اینڈ کلچر امنگسٹ یوتھ" (ایس پی آئی سی ایم اے سی اے وائی) کی تلنگانہ ایڈوائزری بورڈ میٹنگ کی صدارت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گورنر نے اس تنظیم کو ہندوستانی ثقافت کے بارے میں نوجوانوں میں شعور پیدا کرنے سرگرمیوں میں توسیع کے سلسلہ میں مکمل تعاون اور ضروری مدد فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔گورنر نے ثقافت اور ورثہ کے کردار پر زور دیا جو ملک کے 2047 تک کے اہداف کو حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ تنظیم ایک تحریک ہے جو ہندوستانی کلاسیکل فنون اور ثقافت کو فروغ دینے کے لیے اہم ہے، اس کا ایک اہم مرکز قدیم ہندوستانی طرزِ تعلیم ہے۔اس تنظیم ویژن یہ ہے کہ 2030 تک ہر بچے کو ہندوستانی ثقافت کا علم دیا جائے۔یہ میٹنگ اس تناظر میں اہمیت رکھتی ہے کہ آئی آئی ٹی حیدرآباد اس سال مئی اور جون کے دوران اس تنظیم کے دسویں بین الاقوامی کنونشن کی میزبانی کرنے جارہا ہے۔اس تنظیم کے سکریٹری سبھیا ساچی نے بتایا کہ اسپک میکے کے زیرِ اہتمام پچھلے پانچ سالوں میں دس ہزار سے زیادہ پروگرام منعقد کیے گئے ہیں۔آئی آئی ٹی حیدرآباد کے ڈائرکٹر بی ایس مورتی، آئی ٹی پرنسپال سکریٹری جیش رنجن، آئی ایس بی ڈین مدن پلوتلا، کےعلاوہ ثقافتی تعلیمی اداروں کے طلبہ اور پروفیسرس بھی اس اجلاس میں شریک تھے۔

○○

بھاگیہ نگر گنیش اتسو سمیتی (بی جی یو ایس) اور وشوا ہندو پریشد (وی ایچ پی) کے وفد نے ہفتہ کو حیدرآباد میٹرو ریل لمیٹڈ (ایچ ایم آر ایل) کے منیجنگ ڈائرکٹر این وی ایس ریڈی سے ملاقات کی اور دو اہم تجاویز پیش کیں۔بی جی یو ایس کے وفد نے درخواست کی کہ پرانے شہر حیدرآباد میں میٹرو کے ستونوں کو زیادہ اونچائی پر تعمیر کیا جائے تاکہ وہ گنیش وسرجن جلوس میں رکاوٹ نہ بنیں۔وفد، جس میں بی جی یو ایس کے سکریٹری ڈاکٹر آر ششی دھر، کے مہندر، بی وی چندر شیکھر اور بالاپور اتسو سمیتی کے نمائندے کے نرنجن ریڈی اور سرینواس شامل تھے، نے اپنی تشویش اور تجاویز پر مشتمل ایک یادداشت پیش کی۔ایک علحدہ ملاقات میں، وی ایچ پی کے وفد نے وکٹوریہ میموریل میٹرو اسٹیشن کا نام تبدیل کرکے اشٹالکشمی ٹیمپل اسٹیشن رکھنے کی درخواست کی۔وفد نے اشٹالکشمی مندر کے قریب اسٹیشن کے سلسلہ میں کہا کہ تجویز کردہ نام نہ صرف عقیدت مندوں کو بہتر رہنمائی فراہم کرے گا بلکہ ثقافتی جذبات سے بھی ہم آہنگ ہوگا۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اسٹیشن کا نام تبدیل کرنے سے موجودہ نام سے منسلک نوآبادیاتی ورثہ ختم ہوگا۔وی ایچ پی کے وفد میں قومی ترجمان ڈاکٹر ششی دھر اور ریاستی کمیٹی کے اراکین ایچ ناگیشور راؤ، ٹی پرشوتم ریڈی اور پی سدھاکر موجود تھے۔ایچ ایم آر ایل کے منیجنگ ڈائرکٹر این وی ایس ریڈی نے دونوں وفود کو یقین دلایا کہ ان کی درخواستوں پر متعلقہ حکام سے مشاورت کے بعد غور کیا جائے گا۔

○○

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ نے آئی آئی ٹی حیدرآباد کی ایک ٹیم کو ہدایت دی کہ وہ پولاورم پراجکٹ کے تلنگانہ بالخصوص تاریخی بھدراچلم مندر پر اس کے اثرات کے بارے میں ایک تفصیلی رپورٹ تیار کرے۔ یہ بات ایک سرکاری بیان میں بتائی گئی۔انہوں نے اس پراجکٹ سے لاحق خطرات بالخصوص 2022 کے سیلاب میں 27 لاکھ کیوسک پانی علاقہ میں داخل ہونے کے پیش نظر اس معاملہ کو سمجھنے ایک جامع تجزیہ کی ضرورت پر زور دیا۔ایک خصوصی عہدیدار کو آئی آئی ٹی حیدرآباد کی ٹیم کے ساتھ تال میل اور ہم آہنگی کے لئے مقرر کیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ نے رپورٹ تیار کرنے کے

لئے ایک ماہ کی مہلت دی ہے۔وزیراعلیٰ نے حال ہی میں آندھراپردیش حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے گوداوری بنا کاچرلہ پراجکٹ پر بھی بات چیت کی۔عہدیداروں نے وزیراعلیٰ کو بتایا کہ یہ پراجکٹ سیلابی پانی پر مبنی ہے اور اسے ضروری منظوری حاصل نہیں ہے۔انہوں نے آندھرا پردیش حکومت کی حالیہ پیشکش کی نشاندہی کی،جس میں تلنگانہ کے پانی کے مفادات پر ممکنہ اثرات کے خدشات ظاہر کیے گئے ہیں۔اس پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ آندھراپردیش کے چیف سکریٹری کو تلنگانہ کے اعتراضات سے آگاہ کریں۔انہوں نے محکمہ آبپاشی کو ہدایت دی کہ وہ گوداوری ریور مینجمنٹ بورڈ اور مرکزی وزارت جل شکتی کو،ضرورت پڑنے پر، ریاست کے مفادات کے تحفظ کے لیے مکتوبات لکھیں۔اجلاس میں پانی سے متعلق چیلنجس کو حل کرنے اور تلنگانہ کے تاریخی اور ثقافتی ورثہ کے تحفظ کو بھی اجاگر کیا گیا۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی پیر کو تلنگانہ کے میڑچل ملکاجگری کے چرلہ پلی میں حیدرآباد کے چوتھے پیاسنجر ٹرمنل کا ورچول طریقہ سے افتتاح کریں گے۔ مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے یہ بات بتائی۔ چرلہ پلی ٹرمنل حیدرآباد کے مشرقی سمت واقع ہے جو آؤٹر رنگ روڈ کو جوڑتا ہے۔ توقع ہے کہ اس سے سکندرآباد، حیدرآباد اور کاچی گوڑہ کے دیگر ریل ٹرمنلس کے ہجوم کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ اس اسٹیشن میں اضافی اعلیٰ سطح کے 4 پلیٹ فارمس کے ساتھ 15 جوڑی اضافی ٹرینوں کی گنجائش سے نمٹنے کی صلاحیت موجود ہے۔موجودہ 5 پلیٹ فارمس میں مکمل طویل ٹرینوں کو ٹھہرانے کی گنجائش میں اضافہ کیا گیا ہے۔مزید 10 لائنوں کو دستیاب کرتے ہوئے گنجائش کو 19 لائنس تک بڑھایا گیا ہے۔

○○

تلنگانہ کے یادادری بھونگیر ضلع کے پدا کندوکور کی پریمیئر ایکسپلوسیو کمپنی میں ہفتہ کی صبح ہوئے دھماکہ میں ایک شخص ہلاک اور آٹھ دیگر زخمی ہوئے۔زخمیوں میں دو مزدور کنکیا اور پرکاش کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔اطلاعات کے مطابق، کنکیا کی علاج کے دوران موت ہوگئی۔اطلاع ملتے ہی پولیس وہاں پہنچی جس نے اس واقعہ کی وجوہات معلوم کرنے کیلئے جانچ شروع کردی۔ذرائع کے مطابق کمپنی میں ری ایکٹر پھٹ گیا۔ری ایکٹر میں زوردار دھماکہ ہوا جس کے بعد کمپنی انتظامیہ نے ایمرجنسی سائرن بجا دیا۔ دھماکے سے عمارت گر گئی۔اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔آگ پر قابو پالیا گیا۔ایک مزدور پرکاش کو سکندرآباد کے ایک پرائیویٹ اسپتال لے جایا گیا کیونکہ اس کی حالت نازک تھی۔

○○

جھیلوں اور نہروں کے ایف ٹی ایل و بفرزونس میں غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کرنے کے لئے تشکیل دی گئی حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسٹ مانیٹرنگ اینڈ پروٹیکشن ایجنسی (حیدرا) نے پیر سے راست طور پر عوام سے شکایات وصول کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔کمشنر حیدرا اے وی رگناتھ ساڑھے دس بجے دن تا دو بجے دوپہر بدھا بھون میں واقع ہیڈکوارٹر میں عوامی شکایات وصول کریں گے۔عوام الناس راست طور پر کمشنر کو اپنی شکایات پیش کرسکتے ہیں۔مقامی اطلاعات کے مطابق حیدرا ان شکایات کو بغیر کسی قانونی تنازعہ کے اندرون 10 دن حل کرے گا۔ایجنسی تالابوں، نہروں اور نالوں پر غیر مجاز قبضوں کی شکایات پر توجہ مرکوز کرے گی۔حکومت حیدرآباد میں سنکرانتی سے پہلے حیدرا پولیس کا قیام عمل میں لائے گی۔

○○

وزیراعظم نریندر مودی نے مواضعات کو ترقی اور مواقع کے چمکدار مراکز میں تبدیل کرتے ہوئے دیہی ہندوستان کو بااختیار بنانے حکومت کے ویژن پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ 2014ء سے حکومت دیہی ہندوستان کی مسلسل خدمت کررہی ہے۔ وہ مواضعات میں رہنے والوں کی زندگیوں کو باوقار زندگی فراہم کرنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ وزیراعظم نے 4 تا9 جنوری نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ گرامین بھارت مہوتسو کا افتتاح کرنے کے بعد یہ بات بتائی۔

○○

جی ایچ ایم سی کے 150 ڈویژن اور سکندرآباد کنٹونمنٹ سے عوامی نظم ونسق کی اسکیم کے تحت اندراماں مکانات کے لئے جملہ 10.71 لاکھ افراد نے درخواستیں داخل کی ہیں۔ان کی جانچ کے لئے جی ایچ ایم سی حدود میں 2249 عہدیداروں کو مقرر کیا گیا ہے۔یہ عہدیدار فراہم کردہ تفصیلات کی جانچ کے لئے درخواست گزار کے مکانات پہنچیں گے۔ان میں پتوں اور دیگر تفصیلات کی جانچ بھی شامل ہے۔ درخواست گزاروں سے خواہش کی گئی ہے کہ وہ جانچ کی تاریخ کے وقت گھر پر موجود رہیں اور تمام ضروری دستاویزات کو تیار رکھیں۔

○○

راشٹرپتی نیلائم بلارم میں جاری اودیان اتسو کا ہر روز اوسطاً 7 ہزار افراد مشاہدہ کررہے ہیں۔ان میں اسٹارٹ اَپس، باغبانی کے پروڈکٹس کے علاوہ خدمات بھی فراہم کی جارہی ہیں جو اس اتسو کو پرکشش بناتی ہے۔سدی پیٹ کے کسانوں کی مصنوعات کی تنظیم نوین چنا کوڈور جنھوں نے اس اتسو میں اپنا اسٹال لگایا ہمارے نمائندہ کو بتایا کہ زرعی پیداوار سے کسانوں کی آمدنی دگنی ہوئی ہے۔ایک اور اسٹال آپریشن منیجر گیان کمار نے کہا کہ ان کی انوکھی نوٹ بک کے صفحات کا استعمال ہزاروں مرتبہ کیا جاسکتا ہے۔

○○